سبق:۱۲

# ہمالہ



ہمالہ ہے بھارت کا ایسا پہاڑ
نہیں ہے کہیں اس کے جیسا پہاڑ
نکلتی ہیں اس سے کئی ندیاں
پنپتی ہیں جن سے کھیتیاں
ہمالہ کی دیکھو عجب شان ہے
ہمالہ تو بھارت کی پہچان ہے
کوئی کام کرنے پہ جب آؤ تم
ہمالہ کی مانند جم جاؤ تم
محبت سے ملتا ہے جو آدمی
ہمالہ سے اونچا ہے وہ آدمی

★★★

لفاظ اور معانی

| معنی | لفظ | معنی | لفظ |
|---|---|---|---|
| معنی | لفظ | معنی | لفظ |
| انوکھا | عجب | سرسبز ہوتی ہیں | پنپتی ہیں |
| ڈٹ جاؤ | جم جاؤ | مثل۔مطابق | مانند |

## مشق

(ا) سوچیے اور بتایے:

(الف) ہمالہ پہاڑ کس ملک میں ہے؟

(ب) اس سے نکلی ہوئی ندیوں سے کھیتوں کو کیا فائدہ ملتا ہے؟

(ج) ہمالہ کس ملک کی شان اور پہچان ہے؟

(د) شاعر کی نظر میں ہمالہ سے اونچا کون ہے؟

۲۔ نیچے دی گئی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:۔

ہمالہ ہے.................کا ایسا پہاڑ　　　نہیں کہیں اس کے................. پہاڑ

ہمالہ کی دیکھو.............شان ہے　　　ہمالہ تو بھارت کی.................ہے

۳۔ نیچے دیے گیے الفاظ کو پڑھیے اور لکھیے:۔

بھارت:............ دوستی:............... پہچان:............... مانند:.......................

محبت:............... اونچا:...............

۴۔ نیچے دیے گیے حرفوں کو ملا کر الفاظ بنایے:۔

ک+ا+م =.......................ش+ا+ن =.......................

س+و+ر+ج =.................م+ا+ن+ن+د =.................

۵۔ نیچے دی گئی مثالوں کو دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کیجیے:

ندی　ندیاں　کھیتی .........　لڑکی .........　بیٹی ............

گاڑی ..........　ڈالی ..........